احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعہ 8فروری2008ء

روزنامہ
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 9فروری2008ء ......محرم1429ہجری9 تبلیغ1387ھش جلد58-93 نمبر33

## جمع حدیث کا آغاز

حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اپنے زمانۂ اقتدار میں ابوبکر بن حزم کو لکھا کہ رسول اللہ ﷺ کی احادیث لکھ لیا کرو کیونکہ مجھے علم کے مٹ جانے اور علماء کے چلے جانے کا خوف ہے اور صرف وہی قبول کرنا جو نبیؐ کی حدیث ہو اور چاہئے کہ علماء علم کو پھیلائیں اور مجلس لگا کر بے علموں کو سکھائیں کیونکہ علم ضائع نہیں ہوتا مگر اس وقت جب وہ بطور ایک راز کے ہو جائے۔

(صحیح بخاری کتاب العلم باب کیف یقبض العلم)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہدایتوں پر قائم ہونے کے لئے تین چیزیں ہیں

(1) قرآن شریف جو کتاب اللہ ہے جس سے بڑھ کر ہاتھ میں کوئی کلام قطعی اور یقینی نہیں وہ خدا کا کلام ہے وہ شک اور ظن کی آلائشوں سے پاک ہے۔

(2) دوسری سنت اور اس جگہ ہم اہلحدیث کی اصطلاحات سے الگ ہو کر بات کرتے ہیں یعنی ہم حدیث اور سنت کو ایک چیز قرار نہیں دیتے.............. بلکہ حدیث الگ چیز ہے اور سنت الگ چیز۔ سنت سے مراد ہماری صرف آنحضرتؐ کی فعلی روش ہے جو اپنے اندر تواتر رکھتی ہے اور ابتداء سے قرآن شریف کے ساتھ ہی ظاہر ہوئی اور ہمیشہ ساتھ رہے گی۔ یا بہ تبدیل الفاظ یوں کہہ سکتے ہیں کہ قرآن شریف خدا تعالیٰ کا قول ہے اور سنت رسول اللہ ﷺ کا فعل اور قدیم سے عادۃ اللہ یہی ہے کہ انبیاء علیہم السلام خدا کا قول لوگوں کی ہدایت کے لئے لاتے ہیں تو اپنے عملی فعل سے یعنی عملی طور پر اس قول کی تفسیر کر دیتے ہیں تا اس قول کا سمجھنا لوگوں پر مشتبہ نہ رہے اور اس قول پر آپ بھی عمل کرتے ہیں اور دوسروں سے بھی عمل کراتے ہیں۔

(3) تیسرا ذریعہ ہدایت کا حدیث ہے اور حدیث سے مراد ہماری وہ آثار ہیں کہ جو قصوں کے رنگ میں آنحضرت ﷺ سے قریباً ڈیڑھ سو برس بعد مختلف راویوں کے ذریعوں سے جمع کئے گئے ہیں۔ پس سنت اور حدیث میں مابہ الامتیاز یہ ہے کہ سنت ایک عملی طریق ہے جو اپنے ساتھ تواتر رکھتا ہے جس کو آنحضرتؐ نے اپنے ہاتھ سے جاری کیا اور وہ یقینی مراتب میں قرآن شریف سے دوسرے درجہ پر ہے اور جس طرح آنحضرتؐ قرآن شریف کی اشاعت کے لئے مامور تھے ایسا ہی سنت کی اقامت کے لئے بھی مامور تھے۔ پس جیسا کہ قرآن شریف یقینی ہے ایسا ہی سنت معمولہ متواترہ بھی یقینی ہے۔ یہ دونوں خدمات آنحضرت ﷺ اپنے ہاتھ سے بجالائے اور دونوں کو اپنا فرض سمجھا۔ مثلاً جب نماز کے لئے حکم ہوا تو آنحضرتؐ نے خدا تعالیٰ کے اس قول کو اپنے فعل سے کھول کر دکھلا دیا اور عملی رنگ میں ظاہر کر دیا کہ فجر کی نماز کی یہ رکعات ہیں اور مغرب کی یہ اور باقی نمازوں کے لئے یہ یہ رکعات ہیں۔ ایسا ہی حج کر کے دکھلایا اور پھر اپنے ہاتھ سے ہزارہا صحابہ کو اس فعل کا پابند کر کے سلسلہ تعامل بڑے زور سے قائم کر دیا۔ پس عملی نمونہ جو اب تک امت میں تعامل کے رنگ میں مشہود و محسوس ہے اسی کا نام سنت ہے۔ لیکن حدیث کو آنحضرت ﷺ نے اپنے روبرو نہیں لکھوایا اور نہ اس کے جمع کرنے کے لئے کوئی اہتمام کیا۔ کچھ حدیثیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جمع کی تھیں لیکن پھر تقویٰ کے خیال سے انہوں نے وہ سب حدیثیں جلا دیں کہ یہ میرا اسماع بلاواسطہ نہیں ہے خدا جانے اصل حقیقت کیا ہے۔ پھر جب وہ دور صحابہ رضی اللہ عنہم کا گزر گیا تو بعض تبع تابعین کی طبیعت کو خدا نے اس طرف پھیر دیا کہ حدیثوں کو بھی جمع کر لینا چاہئے تب حدیثیں جمع ہوئیں۔ اس میں شک نہیں کہ اکثر حدیثوں کے جمع کرنے والے بڑے متقی اور پرہیزگار تھے انہوں نے جہاں تک ان کی طاقت میں تھا حدیثوں کی تنقید کی اور ایسی حدیثوں سے بچنا چاہا جو ان کی رائے میں موضوعات میں سے تھیں اور ہر ایک مشتبہ الحال راوی کی حدیث نہیں لی۔ بہت محنت کی مگر تاہم چونکہ وہ ساری کارروائی بعد از وقت تھی۔ اس لئے وہ سب ظن کے مرتبہ پر رہی بایں ہمہ یہ سخت ناانصافی ہوگی کہ یہ کہا جائے گا کہ وہ سب حدیثیں لغو اور نکمی اور بے فائدہ اور جھوٹی ہیں بلکہ ان حدیثوں کے لکھنے میں اس قدر احتیاط سے کام لیا گیا ہے اور اس قدر تحقیق اور تنقید کی گئی ہے جو اس کی نظیر دوسرے مذاہب میں نہیں پائی جاتی.......... ہماری جماعت کا یہ فرض ہونا چاہئے کہ اگر کوئی حدیث معارض اور مخالف قرآن اور سنت نہ ہو تو خواہ کیسے ہی ادنیٰ درجہ کی حدیث ہو اس پر وہ عمل کریں اور انسان کی بنائی ہوئی فقہ پر اس کو ترجیح دیں۔''

(ریویو بر مباحثہ روحانی خزائن جلد 19 ص 209 تا 212)

## مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

## سیمینار بابت MS Excel

AACP ربوہ مجلس کی جانب سے Microsoft Office کے بارہ میں سیمینارز کا ایک سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے جس میں آفس میں استعمال ہونے والے پروگرام مثلاً ایکسل، ورڈ اور پاور پوائنٹ وغیرہ کے استعمال کے بارہ میں بتایا جائے گا نیز ان پروگرامز کے Unique Features کے بارہ میں بھی آگاہ کیا جائے گا وہ احباب جو کمپیوٹر کا شوق رکھتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ مورخہ 10 فروری 2008ء کو بعد نماز عصر نور العین دائرۃ الخدمۃ الانسانیۃ بالمقابل فضل عمر ہسپتال کے سیمینار ہال میں تشریف لا کر اس سیمینار سے مستفید ہوں۔ چونکہ یہ ایک بہت ہی عام اور بہت زیادہ استعمال ہونے والا پروگرام ہے اس لئے ایسوسی ایشن کے ممبران سے خاص طور پر اس میں شامل ہونے کی درخواست ہے۔

(جنرل سیکرٹری AACP)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

# عالم روحانی کے لعل وجواہر نمبر 470

## روح کے بیس عجائب

حضرت اقدس بانی سلسلہ احمدیہ کا مارچ 1889ء میں بمقام ہوشیار پور آریہ سماجی لیڈر لالہ مرلیدھر ڈرائنگ ماسٹر سے معجزہ شق القمر اور ارواح سے متعلق جو معرکہ آراء مذاکرہ ہوا علمی حلقوں میں آج تک اس کی گونج سنائی دے رہی ہے اور سبھی چوٹی کے غیر از جماعت اہل قلم نے اسے زبردست خراج تحسین ادا کیا ہے۔

حضرت اقدس قرآن مجید کی روشنی میں ارواح کی حیرت انگیز خصوصیات کا تذکرہ کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:۔

روحوں میں بہت سے خواص اور عجیب طاقتیں اور استعدادیں پائی جاتی ہیں جن کو قرآن شریف نے استیفا سے ذکر کیا ہے مثلاً ان میں چند قوتیں اور استعدادیں یہ ہیں جو ہم ذیل میں لکھتے ہیں۔

(1) علوم اور معارف کی طرف شائق ہونے کی ایک قوت۔

(2) علوم کو حاصل کرنے کی ایک قوت۔

(3) علوم حاصل کردہ کے محفوظ رکھنے کی ایک قوت۔

(4) محبت الٰہی کی ایک قوت۔

(5) لذت وصال الٰہی اٹھانے کی ایک قوت۔

(6) مکاشفات کی ایک قوت۔

(7) مؤثر اور متاثر ہونے کے یا یوں کہو کہ باہم عامل اور معمول ہونے کی ایک قوت۔

(8) تعلق اجسام قبول کرنے کی ایک قوت۔

(9) تخلق باخلاق اللہ کی ایک قوت۔

(10) مورد الہام الٰہی ہونے کی ایک قوت۔

(11) بسطی وقبضی حالت پیدا ہونے کی ایک قوت۔

(12) معارف غیر متناہیہ کے قبول کرنے کی ایک قوت۔

(13) رنگین برنگ تجلی الوہیت ہونے کی ایک قوت۔

(14) عقلی قوت جس سے امتیازی حسن وقبح ان پر ظاہر ہوتا ہے۔

(15) بقائے اثر وقبول اثر کی ایک قوت بمقابلہ اپنے اجسام متعلقہ کے۔

(16) اقرار بوجود خالق حقیقی ایک قوت۔

(17) اجسام کے ساتھ اور ان کے اشکال خاصہ کے ساتھ مل کر بعض نئے خواص کے ظاہر کرنے کی قوت۔

(18) ایک قوت کشش باہمی جس کو مقناطیسی قوت کہنا چاہئے۔

(19) ابدی طور پر قائم رہنے کی ایک قوت۔

(20) جسم مفارق کی خاک سے ایک خاص تعلق رکھنے کی قوت جو کشفی طور پر ارباب کشف قبور پر ظاہر ہوتی ہے۔

ایسا ہی اور بھی بہت سی ایسی قوتیں ہیں جن کا مفصل بیان نہایت لطافت اور خوبی سے قرآن شریف میں مندرج ہے۔

(سرمہ چشم آریہ صفحہ 197 تا 199)

تو نے خود روحوں پہ اپنے ہاتھ سے چھڑکا نمک
اس سے ہے شور محبت عاشقان زار کا
تیری قدرت کا کوئی بھی انتہا پاتا نہیں
کس سے کھل سکتا ہے پیچ اس عقدہ دشوار کا

## قفس عنصری سے روح کی واپسی کا نظارہ

حضرت اقدس مسیح موعود کا ایک عظیم الشان انکشاف:۔

''فرمایا میرے ایک چچا صاحب فوت ہو گئے تھے۔ عرصہ ہوا میں نے ایک مرتبہ ان کو عالم رویا میں دیکھا اور ان سے اس عالم کے حالات پوچھے کہ کس طرح انسان فوت ہوتا ہے اور کیا ہوتا ہے انہوں نے اس وقت عجیب نظارہ ہوتا ہے۔ جب انسان کا آخری وقت آتا ہے دو فرشتے جو سفید پوش ہوتے ہیں۔ سامنے آتے ہیں اور وہ کہتے ہیں۔ مولا بس۔ مولا بس۔

فرمایا ایسی حالت میں حقیقت میں جب کوئی مفید وجود درمیان سے نکل جاتا ہے یہی لفظ ''مولا بس'' موزوں ہوتا ہے اور پھر وہ قریب آ کر دونوں انگلیاں ناک کے آگے رکھ دیتے ہیں۔

اے روح جس راہ سے آئی تھی اسی راہ سے واپس نکل آیا۔ فرمایا طبعی امور سے ثابت ہوتا ہے کہ ناک کی راہ سے روح داخل ہوتی ہے۔ معلوم ہوا اسی راہ سے نکلتی ہے۔

توریت سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ نتھنوں کے ذریعہ سے زندگی کی روح پھونکی گئی وہ عالم عجیب اسرار کا عالم ہے جن کو اس زندگی میں انسان پورے طور پر سمجھ نہیں سکتا۔

(نہج المصلی مجموعہ فتاوی احمدیہ جلد اول کتاب الصلوۃ صفحہ 373-374 مرتب محمد فضل خان صاحب آف چنگا بنگیال اشاعت اول 1923ء اسلامیہ سٹیم پریس لاہور)

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## ولادت

❁ مکرم منیر الدین شمس صاحب ایڈیشنل وکیل التصنیف لندن ابن حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے خاکسار کے بیٹے مکرم نصیر الدین شمس صاحب اور بہو مکرمہ نعیمہ شمس صاحبہ بنت مکرم زرتشت منیر احمد خان صاحب امیر جماعت ناروے کو 29 جنوری 2008ء کو گلڈ فورڈ انگلستان میں بیٹے سے نوازا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچہ کو اس کے پڑدادا کے نام پر جلال الدین شمس نام عطا فرمایا ہے۔ نومولود واقف نو ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو حقیقت میں جلال الدین شمس بنائے اور ہمیشہ اپنی حفظ وامان میں رکھتے ہوئے صحت وکام والی بابرکت لمبی عمر سے نوازتے ہوئے مقبول خدمات دینیہ کی توفیق عطا فرماتا رہے اور اپنے والدین اور بزرگوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

## ولادت

❁ مکرم محمد افضل متین صاحب معلم وقف جدید کھوا والی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 24 جنوری 2008ء کو اللہ تعالیٰ نے خاکسار کو ایک بیٹا اور بیٹی کے بعد دوسری بیٹی سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے عطیۃ الوکیل نام عطا فرمایا ہے۔ بچی خدا کے فضل سے وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنے فضل کا سایہ رکھے اور بچی کو صحت وسلامتی والی لمبی زندگی عطا فرمائے اور مقبول خدمت دین کرنے والی بنائے۔ آمین

## نکاح

❁ مکرم نعیم احمد فاتح صاحب ابن مکرم شیخ محمد عارف صاحب مرحوم کارکن دارالضیافت ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے نکاح کا اعلان مورخہ 26 جنوری 2008ء کو بعد نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے بعوض مبلغ 20 ہزار روپے حق مہر مکرمہ خدیجہ بیگم صاحبہ بنت مکرم عبدالستار صاحب نصرت آباد ربوہ کے ساتھ کیا۔ احباب جماعت سے نکاح کے بابرکت ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## نکاح وتقریب شادی

❁ مکرم محمود احمد ملک صاحب ٹاؤن شپ لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میرے بھانجے مکرم ملک محمد اسامہ صاحب ایم ایس سی (کمپیوٹر سائنس) مقیم لندن ابن مکرم ملک محمد نسیم صاحب سابق امیر جماعت احمدیہ اوکاڑہ کی 5 جنوری 2008ء کو بارات جوہر ٹاؤن لاہور سے گیریژن گالف کلب لاہور کینٹ گئی۔ روانگی سے قبل مکرم چوہدری منیر مسعود صاحب ناظم مجلس انصاراللہ ضلع لاہور نے دعا کروائی۔ 6 جنوری کو مقامی شادی ہال میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا۔ قبل ازیں اس نکاح کا اعلان بیت النور ماڈل ٹاؤن لاہور میں مکرم طاہر محمود خان صاحب مربی سلسلہ نے مورخہ 15 دسمبر 2007ء کو مکرمہ فائزہ ظفر صاحبہ بنت مکرم قاضی محمد ظفر اقبال صاحب ڈیفنس سوسائٹی لاہور کے ساتھ کیا۔ دلہا مکرم ملک محمد شفیع صاحب مرحوم سابق صدر جماعت ننکانہ کا پوتا اور مکرم عبدالجلیل عشرت صاحب مرحوم لاہور کا نواسہ ہے دولہن مکرم قاضی سعید احمد صاحب کی پوتی اور مکرم ملک مقصود احمد صاحب شملہ پہاڑی لاہور کی نواسی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

❁ مکرم فضل احمد صاحب بٹ گوجرہ تحریر کرتے ہیں:۔

میرے پھوپھا مکرم ملک پرویز احمد صاحب کراچی مورخہ 23 جنوری 2008ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ آپ مکرم محمد اشرف خان صاحب سابق صدر جماعت احمدیہ P.A.F ماڑی پور کے بڑے بیٹے تھے۔ مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند تہجد گزار اور خلافت احمدیہ سے گہری وابستگی رکھتے تھے ان کی وفات پر بہت سے عزیز واقارب نے بیرون اور اندرون ملک سے بھی ٹیلی فون کے ذریعے اظہار تعزیت کی ان سب احباب کے ہم بے حد ممنون ہیں جنہوں نے اس مشکل وقت میں ہماری دلجوئی فرمائی۔ آخر میں سب احباب سے مرحوم کی بلندی درجات کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## درخواست دعا

❁ مکرم ملک خالد محمود صاحب ہمالیہ بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی اہلیہ کی آنکھوں کا آپریشن ہوا ہے احباب جماعت سے شفائے کاملہ عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

# 2007ء میں ہونے والے اہم قومی و بین الاقوامی حالات و واقعات

قسط دوم و آخر

## اگست

کیم اگست......الیکشن کمیشن نے ووٹرز کے لئے شناختی کارڈ کی شرط ختم کرنے کے حوالے سے سمری منظوری کے لئے صدر کو بھجوائی۔

☆جسٹس (ر) ملک قیوم اٹارنی جنرل مقرر۔

3/اگست......سپریم کورٹ نے مسلم لیگ ن کے رہنما جاوید ہاشمی کی سزا معطل کر کے رہائی کا حکم دے دیا۔

4/اگست......پارہ چنار۔خودکش دھماکے میں 9 شہری جاں بحق۔

7/اگست......سندھ ہائی کورٹ نے وزارت داخلہ کو بےنظیر بھٹو کے انٹرپول سے ریڈ نوٹس واپس لینے کا حکم دیا۔

☆جاپان کی تاریخ میں پہلی بار اپوزیشن جماعت کے رکن ساتسکوئی ریڈا ایوان بالا کے صدر منتخب۔

☆دریائے گنگا بھارت میں کشتی الٹنے سے 80 افراد ہلاک۔

8/اگست......کابل میں پاک افغان جرگہ شروع ہو گیا۔

☆گسماؤ مشرقی تیمور کے وزیراعظم بن گئے۔

9/اگست......جمیل الدین عالی اکادمی ادبیات کی طرف سے کمال فن ایوارڈ کے لئے منتخب۔

☆ناسا کا خلائی جہاز "اینڈ ریو" گیارہ روزہ خلائی مشن پر روانہ۔

13/اگست......کوہستان میں سیلابی ریلے میں 10 گاؤں بہہ گئے۔

20/اگست......ہنگو فورسز کی چوکی پر خودکش حملہ، 4 اہلکار شہید، 18 سکاؤٹس زخمی۔

☆جاپان کی معمر ترین خاتون 113 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں۔

21/اگست......پاکستان پوسٹ نے ملک کا پہلا موبائل پوسٹ آفس لانچ کیا۔

☆اردو ادب کی سب سے بڑی ناول نگار قرۃ العین حیدر نئی دہلی میں 80 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں۔

23/اگست......سپریم کوٹ نے نواز شریف کو وطن واپس آنے کی اجازت دے دی۔

☆آسٹریلیا میں چار ارب سال پرانے دنیا کے قدیم ہیرے کی دریافت۔

24/اگست......سپریم کورٹ نے شیر افگن نیازی کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کیا۔

☆برازیل کی جیل میں آگ لگنے سے 25 قیدی زندہ جل گئے۔

☆شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز پر حملے جاری رہے۔2 خودکش دھماکوں میں 9 اہلکار شہید۔

25/اگست......کروز میزائل "رعد" کا کامیاب تجربہ ہوا۔

☆کوئٹہ، نوشکی، خضدار، مستونگ، خاران اور وڈھ میں 9 بم دھماکے ہوئے۔

26/اگست......سوات میں خودکش حملے میں تھانے دار سمیت 4 اہلکار جاں بحق ہو گئے۔

27/اگست......ریلوے کے وزیر مملکت اسحاق خاکوانی نے وزیراعظم کو استعفیٰ دے دیا۔

☆عبداللہ گل ترکی کے نئے صدر منتخب ہو گئے۔

☆7 افسروں کی گریڈ 22 میں ترقی، 3 وفاقی سیکرٹری تبدیل، چیئرمین واپڈا طارق حمید کا استعفیٰ منظور۔

30/اگست......سپریم کورٹ نے 66 وفاقی سیکرٹریوں کو پلاٹ الاٹ کرنے کی رپورٹ طلب کر لی۔

☆وانا میں 100 پاکستانی فوجی طالبان کے ہاتھوں اغوا، رات گئے بازیاب کرا لیا گیا۔

31/اگست......بنگلہ دیش کی عبوری حکومت نے سابق وزیراعظم خالدہ ضیاء کے اکاؤنٹ منجمد کرنے کا حکم دے دیا۔

## ستمبر

کیم ستمبر......شیر شاہ کراچی میں پراچہ چوک کے قریب نو تعمیر شدہ ناردرن بائی پاس پل گر گیا، 6 افراد ہلاک۔

2 ستمبر......وزیراعلیٰ پنجاب کی طرف سے پنجاب کے اساتذہ کے لئے 4 ارب روپے کے مراعاتی پیکیج کا اعلان کیا۔

4 ستمبر......راولپنڈی کینٹ کے علاقے میں 2 بم دھماکوں میں وزارت دفاع کے ملازمین سمیت 27 افراد جاں بحق اور 70 زخمی۔

5 ستمبر......کوئٹہ کے نواحی علاقہ میں پاک فضائیہ کا طیارہ گر گیا، پائلٹ شہید۔

☆ڈیڑھ لاکھ محصورین پاکستان کو بنگلہ دیشی شہریت دے کر ووٹ ڈالنے کا حق دے دیا گیا۔

☆ایران میں ایک ہی دن 21 مجرموں کو پھانسی دی گئی۔

6 ستمبر......سپریم کورٹ نے صدر کے دو عہدوں کے خلاف درخواست سماعت کے لئے منظور کر لی۔

☆فاسٹ بولر شعیب اختر کا جوہانسبرگ میں 20،20 ورلڈ کپ کے آغاز سے قبل محمد آصف پر بیٹ سے حملہ، ٹیم مینجمنٹ نے وطن واپس بلا لیا۔

☆ایس کے سنگھ راجستھان کے 18 ویں گورنر بن گئے۔

☆چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کی شہزادہ مقرن اور سعد حریری کے ساتھ ملاقات سے معذرت۔

10 ستمبر......نواز شریف کی وطن واپسی، اسلام آباد ایئرپورٹ پر گرفتاری، بعد ازاں دوبارہ جدہ جلا وطن کر دیا گیا۔

☆کرکٹر محمد یوسف بیسٹ پلیئر آف دی ایئر قرار دیئے گئے۔

☆سانحہ 12 مئی کے حوالے سے سندھ ہائی کورٹ میں سماعت سے قبل ایم کیو ایم کے سینکڑوں کارکن عدالت کے باہر جمع، سماعت نہ ہو سکی، 17 ستمبر تک ملتوی کر دی گئی۔

11 ستمبر......ڈیرہ اسماعیل خان میں خودکش حملہ ہوا، سیکیورٹی اور پولیس اہلکاروں سمیت 18 جاں بحق۔

☆عمران خان پر سندھ میں داخلے پر 30 دن کی پابندی عائد کر دی گئی۔

☆کراچی میں وزیراعظم شوکت عزیز کے پروٹوکول افسر لیاقت حسین کو اغواء کر کے قتل کر دیا گیا۔

☆سوات میں بدھا کے برسوں پرانے مجسمے کو بم سے اڑا دیا گیا۔

☆پہلے ٹونٹی، 20 ورلڈ کپ کرکٹ کا جنوبی افریقہ میں آغاز ہوا۔

☆جاپانی وزیراعظم شنزو ایبے عہدے سے مستعفی ہو گئے۔

13 ستمبر......تربیلا غازی ایس ایس جی میس میں دھماکہ، 20 کمانڈوز جاں بحق، 25 زخمی۔

☆کراچی: منی بس پر بم حملہ اور فائرنگ، اسلامی جمعیت کے 4 کارکنوں سمیت 6 جاں بحق۔

14 ستمبر......مخدوم امین فہیم کی اسلام آباد میں پریس کانفرنس، بےنظیر بھٹو کا 18/اکتوبر کو واپسی کا اعلان۔

☆تھائی لینڈ میں طیارہ گرنے سے 88 افراد ہلاک اور 42 زخمی۔

17 ستمبر......شمالی وزیرستان میں افغان سرحد کے قریب خونریز لڑائی میں 18 سیکیورٹی اہلکار جاں بحق اور 16 جنگجو ہلاک۔

☆سپریم کورٹ نے صدر کے دو عہدوں کے خلاف سماعت کے لئے فل کورٹ بنانے کی قاضی حسین احمد اور عمران خان کی درخواستیں مسترد کر دیں۔

19 ستمبر......آئی جی ملٹری آپریشنز کی تبدیلی، لاہور اور کراچی کے نئے کور کمانڈر مقرر۔

☆بھارتی آل راؤنڈر یوراج سنگھ نے ٹونٹی 20 ورلڈ کپ کے میچ میں انگلینڈ کے خلاف چھ گیندوں پر چھ چھکے لگا کر عالمی ریکارڈ قائم کر دیا۔

20 ستمبر......الیکشن کمیشن کی جانب سے صدارتی انتخابات کے لئے 6/اکتوبر کی تاریخ کا اعلان۔

21 ستمبر......اے پی ڈی ایم کا 29 ستمبر کو پارلیمنٹ سے استعفیٰ دینے کا اعلان۔

☆6 میجر جنرلوں کی لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر ترقی، لیفٹیننٹ جنرل محسن کمال کو رکمانڈر راولپنڈی اور لیفٹیننٹ جنرل ندیم تاج آئی ایس آئی کے سربراہ بنا دیئے گئے۔

23 ستمبر......یاسوافوکودا جاپان کے نئے وزیراعظم مقرر ہو گئے۔

24 ستمبر......پاکستان، بھارت سے ٹونٹی 20 ورلڈ کپ کا فائنل ہار گیا۔

☆جسٹس وجیہہ الدین وکلاء کی جانب سے صدارتی امیدوار نامزد۔

☆مخدوم امین فہیم پیپلز پارٹی کی طرف سے صدارتی امیدوار نامزد۔

27 ستمبر......اے پی ڈی ایم نے 2/اکتوبر کو استعفیٰ دینے اور سرحد اسمبلی توڑنے کا اعلان کیا۔

28 ستمبر......سپریم کورٹ کے 9 رکنی بینچ نے اکثریتی رائے سے صدر کے دو عہدوں کے خلاف آئینی درخواستوں کو ناقابل سماعت قرار دے دیا۔

☆مچھ جیل پر قیدیوں کا قبضہ، 20 اہلکار یرغمال بنا لئے۔

☆معروف پنجابی دانشور راجہ رسالو انتقال کر گئے۔

☆جنرل دیپک کپور نے بھارت کے نئے آرمی چیف کا عہدہ سنبھالا۔

☆ارجنٹائن میں 82 سالہ خاتون نے 24 سالہ لڑکے سے بیاہ رچا لیا۔

## اکتوبر

2/اکتوبر......سرحد اسمبلی کی تحلیل روکنے کے لئے وزیر اعلیٰ کے خلاف تحریک عدم اعتماد۔

☆بنوں میں خودکش دھماکہ، 4 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد ہلاک، 30 زخمی۔

6/اکتوبر......سیاست دانوں کے خلاف 86ء سے 99ء تک کے تمام مقدمات ختم، صدر نے قومی مفاہمتی آرڈیننس جاری کیا۔

☆صدارتی انتخاب میں پرویز مشرف کامیاب، نوٹیفکیشن روک دیا گیا۔

8/اکتوبر......شمالی وزیرستان میں خون ریز جھڑپیں، 65 جنگجو ہلاک، 20 فوجی شہید۔

9/اکتوبر......بےنظیر کے خلاف کرپشن کے تمام مقدمات واپس۔

☆آزاد کشمیر میں فوجی ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، بریگیڈیئر سمیت 4 جاں بحق۔

☆جنرل اشفاق کیانی اور جنرل طارق مجید نے نئی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔

☆شمالی وزیرستان میں جھڑپیں، 25 فوجی، 65 جنگجو اور شہری ہلاک، سینکڑوں افراد کی نقل مکانی۔

10/اکتوبر......شمالی وزیرستان میں مزید 50 جنگجو اور شہری ہلاک، سینکڑوں افراد کی نقل مکانی۔

☆مرید کے، بس اور ٹرین کا تصادم 15 افراد جاں بحق۔

11؍اکتوبر......سرحد اسمبلی توڑ دی گئی، شمس الملک نگراں وزیراعلیٰ مقرر۔

11؍اکتوبر......ممتاز ترقی پسند رہنما سید علی مختار رضوی انتقال کر گئے۔

☆سندھی زبان کے ممتاز شاعر سرویچ سجاولی انتقال کر گئے۔

12؍اکتوبر......کرکٹر شعیب اختر پر 13 انٹرنیشنل میچوں کی پابندی، 34 لاکھ روپے جرمانہ۔

15؍اکتوبر......گڈانی میں پکنک منانے والے 18 افراد ڈوب کر ہلاک۔

17؍اکتوبر......ٹماٹر کی قیمت ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔

18؍اکتوبر......سابق وزیراعظم بینظیر بھٹو خود ساختہ جلاوطنی ختم کر کے پاکستان پہنچ گئیں۔

19؍اکتوبر......بینظیر بھٹو کا کراچی پہنچنے پر استقبال، گاڑی کے نزدیک 2 دھماکے، 150 سے زائد ہلاک، سینکڑوں زخمی۔

21؍اکتوبر......وزیراعظم نے سیاسی اجتماعات کے لئے 10 نکاتی سیکیورٹی پلان کی منظوری دے دی۔

☆پاکستان کی پہلی خلاباز خاتون نمیرہ سلیم نے خلائی سفر کی تربیت مکمل کر لی۔

☆وزیراعلیٰ پنجاب نے تمام کچی آبادیوں کو مالکانہ حقوق دینے کا اعلان کر دیا۔

23؍اکتوبر......سانحہ کراچی کی ابتدائی رپورٹیں صدر پرویز کو پیش کر دی گئیں۔

☆ایٹمی ایندھن کی افزودگی کے پلانٹ سمیت 116 ارب روپے کے منصوبوں کی منظوری۔

24؍اکتوبر......شمالی علاقوں میں قانون ساز اسمبلی کے قیام کا اعلان۔

25؍اکتوبر......فوج، عدلیہ اور غیر ملکی رہنماؤں پر تنقید نہ کرنے پر مشتمل انتخابی ضابطہ اخلاق کا مسودہ منظور۔

☆سرحد نگراں کابینہ کے 4 وزراء نے عہدوں کا حلف اٹھا لیا۔

26؍اکتوبر......سوات، ٹرک میں دھماکہ، 23 سیکیورٹی اہلکاروں سمیت 30 جاں بحق۔

27؍اکتوبر......سوات، 14 افراد اغوا، 5 اہلکاروں کے سر قلم، فورسز اور جنگجوؤں میں جھڑپیں، 4 ہلاک۔

☆چمن، غیر ملکیوں کے خلاف آپریشن، پاک افغان سرحد پر چھپے 225 غیر ملکی گرفتار۔

29؍اکتوبر......کراچی، ریڈیو پاکستان میں آتشزدگی، اہم ترین ریکارڈ اور تمام سٹوڈیوز جل گئے۔

30؍اکتوبر......راولپنڈی، انتہائی حساس علاقے میں خودکش حملہ، 7 جاں بحق، 32 زخمی۔

31؍اکتوبر......پاکستان نے گیس کی قیمت سے متعلق ایرانی شرائط تسلیم کر لیں۔

## نومبر

یکم نومبر......فرنس آئل کی قیمت میں ریکارڈ 4 ہزار 210 روپے فی میٹرک ٹن اضافہ۔

2 نومبر......سرگودھا، فضائیہ کی بس پر خودکش حملہ، 9 جاں بحق، 40 زخمی۔

☆اردن کے شاہ عبداللہ کی مختصر دورے پر پاکستان آمد۔

3 نومبر......پہلی قومی فشریز پالیسی کا اعلان۔

☆سوات، 48 مغوی سیکیورٹی اہلکار رہا، فضل اللہ نے قیام امن کے لئے شرائط پیش کر دیں۔

3 نومبر......دہشت گردی اور خودکش حملوں کے واقعات کے سبب چیف آف آرمی سٹاف نے ہنگامی حالت نافذ کر دی، آئین معطل، عبوری آئینی حکم جاری کر دیا۔

☆ایمرجنسی نافذ ہوتے ہی 45 نجی ٹی وی چینلز کی نشریات بند کر دی گئیں، پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر سخت پابندیاں، ترمیمی آرڈیننس جاری۔

☆جسٹس عبدالحمید ڈوگر نے پی سی او کے تحت چیف جسٹس پاکستان کا حلف اٹھا لیا۔ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹوں کے متعدد جج فارغ۔

☆سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر اعتزاز احسن سمیت متعدد وکلاء رہنما گرفتار۔

☆ایمرجنسی کے خلاف وکلاء کا احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان۔

☆پی آئی اے انجینئرز نے ہڑتال ختم کر دی، پروازیں شروع۔

☆اوگرا نے ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان کر دیا۔

☆ملک بھر میں ایمرجنسی کے تحت کریک ڈاؤن۔

☆سندھ ہائی کورٹ کے مزید 8، لاہور کے 4 اور پشاور کے 3 ججوں نے حلف اٹھا لیا۔

☆سٹاک مارکیٹ میں ملکی تاریخ کی بدترین مندی، 2 کھرب روپے کا خسارہ۔

☆کراچی، جنگ کے پریس پر پولیس کا چھاپہ۔

☆سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد 17 سے کم کر کے 12 کر دی گئی۔

7 نومبر......امدادی ادارے، پاکستان انسانی حقوق کی واچ لسٹ میں شامل۔

☆نجی ٹی وی چینلز کی نشریات پر پابندی، ملک بھر میں ڈش انٹینا کی فروخت میں ریکارڈ اضافہ۔

☆سپریم کورٹ کے فل بنچ نے ایمرجنسی کے خلاف 7 ججوں کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔

8 نومبر......قومی اسمبلی، ایمرجنسی اور پی سی او کے حق میں قرارداد منظور۔

10 نومبر......پشاور، وفاقی وزیر امیر مقام پر خودکش حملہ، 3 اہلکار جاں بحق۔

☆بینظیر بھٹو کے گھر کا محاصرہ، راولپنڈی میں جلسہ نہ ہو سکا، پولیس اور کارکنوں میں جھڑپیں۔

☆خودکش حملوں کا خطرہ بینظیر بھٹو سمیت 14 رہنماؤں کو سیاسی سرگرمیاں محدود کرنے کی ہدایت۔

☆سیاسی جماعتوں کو انتخابی مہم چلانے کے لئے الیکشن کمیشن نے 4 ہفتے کی مہلت دینے کا اعلان کر دیا۔

☆ملک بھر میں سی این این اور بی بی سی کی نشریات بند، سی این این اسلام آباد سے جیو کی لائیو فوٹیج دکھا رہا تھا۔

11 نومبر......فوج کے خلاف دہشت گردی کرنے والے شہریوں کا کورٹ مارشل ہوگا، صدارتی آرڈیننس جاری۔

☆ملک بھر میں جیو نیٹ ٹی وی کی انٹرنیٹ پر نشریات بحال ہو گئیں۔

☆3 برطانوی صحافیوں کو 72 گھنٹے میں پاکستان سے نکل جانے کا حکم۔

☆صدر پرویز نے انتخابات جنوری کے پہلے ہفتے میں کرانے، قومی اسمبلی 15 اور صوبائی اسمبلیاں 20 نومبر کو تحلیل اور مرکز و صوبوں میں نگراں حکومت بنانے کا اعلان کیا۔

14 نومبر......امریکی سفیر نے ایمرجنسی کو جمہوریت کی طرف پیشرفت کے لئے سخت دھچکا قرار دیا۔

☆نگراں وزیراعظم کے لئے محمد میاں سومرو کے نام پر اتفاق۔

☆امتناع ذخیرہ اندوزی و ناجائز منافع خوری کا ترمیمی آرڈیننس جاری۔

☆مواصلاتی آلات کی درآمد پر پابندی، موبائل فون و دیگر کمپنیوں کا احتجاج۔

15 نومبر......ملک کی تاریخ میں پہلی بار آئینی مدت پوری کرنے کے بعد قومی اسمبلی تحلیل ہو گئی۔

☆صدر پرویز نے عبوری وزیراعظم کا اعلان کیا۔

16 نومبر......پی سی او میں ترمیم، آرمی چیف نے صدر کو ایمرجنسی ختم کرنے کا اختیار دے دیا۔

☆کوہستان، وادی اتھور میں زلزلہ، 6 افراد جاں بحق، درجنوں زخمی سینکڑوں مکانات تباہ۔

☆قومی اسمبلی نے ایمرجنسی کی منظوری دے دی۔

17 نومبر......جنرل پرویز مشرف کا شدید دباؤ، جیو کو بند کرنے کا حکم۔

☆صدر بش کا پیغام لے کر نیگرو پونٹے پاکستان پہنچے۔

☆سندھ، بلوچستان اور پنجاب اسمبلیاں تحلیل کر دی گئیں۔

☆سوات میں ایک ڈویژن فوج اور ٹینک پہنچا دیئے گئے۔

19 نومبر......امریکی نائب وزیر خارجہ نیگرو پونٹے نے دورہ پاکستان کے دوران ایمرجنسی ختم اور میڈیا پر عائد پابندیاں اٹھانے کا مطالبہ کر دیا۔

☆پنجاب، سندھ اور بلوچستان کی اسمبلیاں تحلیل، نگراں وزرائے اعلیٰ نے حلف اٹھایا۔

☆نوشہرہ، ریموٹ کنٹرول بم دھماکے میں خوشحال ایکسپریس کی ایک بوگی تباہ، ریلوے ملازم ہلاک۔

☆بدامنی پھیلانے پر انسداد دہشت گردی قوانین کے تحت سزائیں ملیں گی، لاء اینڈ جسٹس کمیشن کا انتباہ۔

☆صدر پرویز مشرف نے حکومت کا نقطہ نظر قبول کرنے پر متعدد چینلوں کی نشریات بحال کر دیں۔

☆4 لاکھ 30 ہزار شفاف بیلٹ بکس ملک بھر کے اضلاع میں پہنچا دیئے گئے۔

21 نومبر......الیکشن کمیشن آف پاکستان نے الیکشن 8 جنوری کو اور کاغذات نامزدگی 26 نومبر تک وصول کئے جانے سے متعلق شیڈیول جاری کیا۔

☆صدر کی اہلیت کیس کا سٹاک مارکیٹ پر مثبت ردعمل برقرار، مزید 78 پوائنٹس کا اضافہ۔

23 نومبر......الیکشن کمیشن نے ناظمین کے اختیارات محدود، نئے ترقیاتی منصوبوں پر پابندی کا نوٹیفیکیشن جاری کیا۔

☆بالاچ مری کی ہلاکت کے خلاف سندھ اور بلوچستان میں مظاہرے، تشدد، فائرنگ۔

☆دولت مشترکہ نے آئین اور جمہوریت کی بحالی تک پاکستان کی رکنیت معطل کر دی۔

24 نومبر......آئی ایس آئی کے کیمپ اور جی ایچ کیو کے قریب راولپنڈی میں 2 خودکش حملے، 32 اہلکار جاں بحق۔

☆پاراچنار، فریقین میں بھاری اسلحے کا آزادانہ استعمال، 53 ہلاک کرفیو نافذ۔

☆الیکشن کمیشن نے صدر پرویز کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

26 نومبر......جنرل پرویز مشرف کی بطور آرمی چیف سبکدوشی کا اعلان کیا گیا۔

☆سوئی، پنجاب کو گیس فراہم کرنے والی دو پائپ لائنیں اڑا دی گئیں۔

☆افغان سرحد کے نزدیک اتحادی فوج کا آپریشن، 80 طالبان ہلاک۔

27 نومبر......کراچی۔ زہریلے چارے سے 1000 بھینسیں ہلاک، ہزاروں بیمار، دودھ کی سپلائی متاثر۔

28 نومبر......جنرل کیانی نے آرمی چیف کا عہدہ سنبھال لیا۔

29 نومبر......صدر پرویز نے سویلین صدر کی حیثیت سے حلف اٹھا لیا۔

☆سکھر نائٹ کوچ کی 3 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں۔

☆پاک فضائیہ کے 4 ایئر کموڈورز کی ایئر وائس مارشل کے عہدے پر ترقی۔

☆نواب شاہ میں ریلوے سٹیشن کے قریب دھماکہ، جبکہ بیلہ میں تھانہ بم سے اڑانے کی کوشش ناکام۔

## دسمبر

یکم دسمبر......پاراچنار۔ مسلسل کرفیو، شہری گھروں میں قید ہو کر رہ گئے۔

☆چینی کی برآمد پر عائد 15 فیصد ڈیوٹی ختم، فلور ملز کے لئے گندم کوٹے میں اضافہ کر دیا گیا۔

☆سوات، فوجی آپریشن میں 7 جنگجو ہلاک، 80 گرفتار اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا۔

2 دسمبر......بینظیر نے پشاور سے انتخابی مہم کا آغاز کر دیا۔

3 دسمبر......ترک صدر اسلام آباد پہنچ گئے۔ صدر پرویز

اوراپوزیشن رہنماؤں سے ملاقات کی۔

☆شمالی وزیرستان،جھڑپوں کے دوران گھروں پر گولے گرنے سے 6افراد ہلاک ہوئے۔

☆چیمپئنز ٹرافی ہاکی،اولمپکس چیمپئن آسٹریلیا کے ہاتھوں پاکستان کی شکست ہوئی۔

☆راولپنڈی،اسلام آباد سمیت ملک کے بالائی علاقوں میں زلزلے کے شدید جھٹکے۔

☆نواز شریف کی وطن آمد پر ایئرپورٹ سیل،ہنگامہ آرائی پر کمانڈوز طلب۔

5 دسمبر......پی سی او کے تحت حلف نہ اٹھانے والے 37 جج برطرف،نوٹیفیکیشن جاری کیا گیا۔

☆پشاور کینٹ،فوجی چیک پوسٹ پر خودکش حملہ کرنے والی خاتون ہلاک۔

6 دسمبر......وکلاء تنظیموں نے پی سی او ججوں کے سوشل بائیکاٹ کا اعلان کردیا۔

☆خام تیل پر عائد سیلز ٹیکس عارضی طور پر ختم کرنے کا اعلان۔

☆زیرحراست انسانی حقوق کے امریکی نمائندوں کو پاکستان سے نکل جانے کا حکم جاری کیا گیا۔

7 دسمبر......صدر پرویز نے کالا باغ ڈیم کو ناگزیر قرار دیا۔

8 دسمبر......نواز شریف اور شہباز انتخابی عمل سے باہر، چیف الیکشن کمشنر نے درخواست غیر مؤثر قرار دے دی۔

9 دسمبر......ملکی تاریخ میں گندم کی ریکارڈ قیمت،کراچی میں 26 فلور ملز بند،آٹا 24 روپے کلو سے زائد فروخت۔

☆پی سی او سے انکار کرنے والے لاہور ہائی کورٹ کے جج دوبارہ نظر بند۔

☆آئین کے آرٹیکل 209 میں ترمیم پر غور کیا گیا۔

☆انتخابی ضابطہ اخلاق اور سیکیورٹی پلان پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لئے صوبائی حکومتوں کو ہدایات جاری کی گئیں۔

10 دسمبر......نواز شریف نے اثاثے ظاہر کردیئے، مالیت 10 کروڑ 24 لاکھ روپے ظاہر کی گئی۔

11 دسمبر......کامرہ،فضائیہ کی سکول گاڑی پر خودکش حملہ،18 بچوں سمیت 21 افراد زخمی ہوگئے۔

☆کوئٹہ،تخریب کاروں نے دہشت میں گیس پائپ لائن اڑادی۔متعدد شہروں میں گیس کی فراہمی معطل ہوگئی۔

12 دسمبر......جنرل کیانی نے عام فوجیوں کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لئے 2008ء کو سولجرز کا سال قرار دے دیا۔

☆پیمرا نے تمام سیٹلائٹ چینلز پر براہ راست مباحثے روکنے اور خلاف ورزی پر 3 سال قید یا ایک کروڑ روپے جرمانے کی سزا دینے کے احکامات جاری کئے۔

13 دسمبر......کوئٹہ فورسز کی چوکی پر یکے بعد دیگرے 2 خودکش حملے،5 فوجی شہید۔

☆ایٹمی اثاثوں کے معاملات کی نگرانی کے لئے نیشنل کمانڈ اتھارٹی کا قیام،آرڈیننس جاری۔

15 دسمبر ملک میں عائد ایمرجنسی 42 روز بعد ختم کردی گئی۔

☆پاکستان کا ایٹمی بٹن وزیراعظم سے صدر کو منتقل ہوا۔

☆صدر مملکت نے ٹریڈ آرگنائزیشنز آرڈیننس 2007ء جاری کردیا۔

16 دسمبر......نوشہرہ چھاؤنی میں خودکش حملہ،7 افراد ہلاک۔

☆آئین کی بحالی،سپریم کورٹ،شریعت کورٹ اور چاروں ہائی کورٹس کے ججوں نے حلف اٹھالیا۔

☆سمندری میں پاک فضائیہ کا لڑاکا طیارہ گر کر تباہ ہوا۔

17 دسمبر......چیف سیکرٹری بلوچستان کے بی رند کے بیٹے کی کراچی میں پُراسرار ہلاکت

☆طیارہ سازش کیس۔راشد رؤف فرار تحقیقاتی ٹیم تشکیل۔

18 دسمبر......کوئٹہ کے بارونق بازار میں بم دھماکہ۔

19 دسمبر......پڈعیدن،کراچی،ایکسپریس کی بوگیاں الٹ گئیں۔65 سے زائد افراد ہلاک،بوگیاں مکمل تباہ۔

☆9 ہزار سے زائد کمپنیوں کا ٹیکس رجسٹر سے اخراج۔

20 دسمبر......پتوکی،ٹریلر موٹر سائیکل رکشا پر الٹ گیا۔ 12 بچوں سمیت 14 افراد جاں بحق ہوگئے۔

☆کراچی،نامور مصور گل جی،اہلیہ اور ملازمہ کا گھر میں پُراسرار قتل۔

23 دسمبر......میرپورخاص میں جنگ کے سینئر صحافی زبیر احمد مجاہد کو قتل کردیا گیا۔

☆24 دسمبر ڈیرہ بگٹی،3 گیس پائپ لائن تباہ، خضدار میں 3 دھماکے،مچھ اور ڈیرہ اللہ یار میں بجلی کے ٹاور اڑادیئے گئے۔

25 دسمبر......ڈیرہ بگٹی۔فائرنگ سے نواب بگٹی کے کمانڈر سمیت 4/افراد ہلاک۔

27 دسمبر......ملکی تاریخ کا سب سے بڑا سانحہ،بینظیر بھٹو کو راولپنڈی کے جلسہ عام میں گولیاں مار کر ہلاک کردیا گیا۔جلسے میں خودکش بم دھماکہ بھی ہوا،30 سے زائد افراد ہلاک اور متعدد زخمی۔ملک بھر میں ہنگامے پھوٹ پڑے،سینکڑوں گاڑیاں،بینک، سرکاری ادارے اور نجی املاک نذر آتش۔

28 دسمبر......بینظیر بھٹو گڑھی خدابخش میں والد کے پہلو میں سپرد خاک کردیا گیا۔

☆سوات۔ق لیگ کے جلسے میں دھماکہ۔7 افراد ہلاک،متعدد زخمی۔

☆بینظیر بھٹو کے جاں بحق ہونے پر ملک گیر ہنگامے۔

29 دسمبر......نواز شریف کا نوڈیرو میں زرداری اور بلاول سے اظہار تعزیت

☆مشکل وقت میں پاکستان کی مدد جاری رہے گی۔ بش کا بیان۔

☆عراق میں تشدد کے واقعات۔25 ہلاک

30 دسمبر......پیپلز پارٹی کے نئے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور شریک چیئرمین آصف علی زرداری مقرر۔

☆پیپلز پارٹی کا الیکشن لڑنے کا اعلان۔

☆مصر میں سات منزلہ عمارت زمین بوس۔35 ہلاک

مکرم حنیف احمد محمود صاحب

# برکات نماز۔ چند احادیث نبویہ

## خصوصاً نماز فجر اور عشاء کی اہمیت

### نماز پڑھ رہے تھے

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رات اور دن کے فرشتے تمہاری نگرانی کرتے ہیں اور عصر و صبح کی نماز پر اکٹھے ہوتے ہیں پھر وہ فرشتے جو تمہارے ساتھ رات بسر کرتے ہیں۔ آسمان پر چلے جاتے ہیں جس پر ان کا رب ان سے پوچھتا ہے کہ تم میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑ آئے ہو تو فرشتے جواب دیتے ہیں کہ ہم انہیں اس حال میں چھوڑ آئے ہیں کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے اور جب ہم ان کے پاس گئے تھے تو اس وقت بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے۔ (صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ)

### کوتاہی نہ کرو

حضرت جریر بن عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ ہم آنحضور ﷺ کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے تو آپؐ نے چودھویں رات کے چاند کی طرف دیکھا اور فرمایا تم اپنے رب کو اسی طرح دیکھو گے جیسے اب تم چاند کو دیکھ رہے ہو اور تمہیں اس بارہ میں کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔ لہٰذا تم صبح اور عصر کی نماز میں کوتاہی نہ کرو۔ (یعنی اگر تم اپنے رب کا دیدار بغیر کسی روک ٹوک کے کرنا چاہتے ہو تو صبح وعصر کی نماز میں سستی ہرگز نہ کرو۔) (صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ)

### آگ میں داخل نہیں ہوگا

ابوبکر بن عمارہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ وہ شخص ہرگز آگ میں داخل نہیں ہوگا جس نے فجر اور عصر کی نماز (وقت پر) پڑھی ہوگی۔
(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ)

### بڑا مرتبہ

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے عشاء کی نماز پر بعض لوگوں کو موجود نہ پایا تو فرمایا۔میرا ارادہ ہے (یا دل چاہتا ہے) کہ (اپنی جگہ) کسی شخص کو حکم دوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے اور کچھ دوستوں کو ساتھ لے کر ان کے گھروں کو آگ لگادوں جو نماز پر نہیں آئے۔کاش کسی کو یہ خبر ہوتی کہ وہ کتنا بڑا مرتبہ پائے گا تو وہ ضرور اس نماز پر حاضر ہوتا۔یعنی عشاء کی نماز پر۔ (صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ)

### عشاء اور فجر کا ثواب

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ منافقوں پر سب سے بھاری نماز عشاء اور فجر کی نماز ہے اور اگر وہ جانتے کہ ان دونوں کا کتنا بڑا ثواب ہے تو ضرور حاضر ہوتے اگرچہ انہیں گھٹنوں کے بل بھی چل کر آنا پڑتا۔

میرا دل چاہتا ہے کہ ایک شخص کو نماز پڑھانے کے لئے کہوں کہ وہ میری جگہ نماز پڑھائے۔پھر کچھ لوگوں کے سروں پر ایندھن لے کر اس قوم کی طرف جاؤں جو نماز پر حاضر نہیں ہوئے ان کو ان کے گھروں سمیت آگ لگادوں۔ (صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ)

حضرت عثمانؓ بن عفان بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کی تو گویا اس نے آدھی رات کا قیام کیا اور جس نے صبح کی نماز باجماعت ادا کی تو گویا اس نے تمام رات عبادت کی۔
(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ)

(یعنی عشاء باجماعت کا ثواب نصف رات عبادت کے برابر ہے اور صبح کی باجماعت نماز کا ثواب ساری رات عبادت کے مترادف ہے۔)

حضرت انس بن سیرین بیان کرتے ہیں کہ میں نے جندب بن عبداللہ سے یہ روایت سنی کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جس نے صبح کی نماز پڑھی تو وہ اللہ کی حفاظت میں آگیا۔

اور (تم میں سے) کوئی بھی اسے اللہ کی حفاظت سے چھڑا کر جہنم میں اوندھے منہ نہیں ڈال سکتا۔
(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ)

### قیمتی راز

ہالینڈ کے ایک کامیاب اور مشہور ترین ڈاکٹر ہرمن بورہیو کی وفات کے بعد جب اس کے سامان کا جائزہ لیا گیا تو اس میں سے ایک کتاب بھی برآمد ہوئی جس کا نام تھا ''طبی دنیا کا واحد اور بیش قیمت راز''۔ کتاب سربمہر تھی۔اس کی نیلامی کی گئی تو یہ کتاب ایک امیر آدمی نے 10 ہزار ڈالر میں خرید لی۔سب کا یہی خیال تھا کہ کتاب میں ڈاکٹر نے کوئی حیرت انگیز قسم کے راز یا نسخے کا انکشاف کیا ہوگا۔کتاب کی مہر توڑی گئی تو یہ دیکھ کر خریدنے والے کے تعجب کی انتہا نہ رہی کہ کتاب کے 99 صفحے بالکل کورے تھے۔صرف اندرونی سرورق پر ڈاکٹر کے ہاتھ سے ایک فقرہ لکھا ہوا تھا: ''اپنے سر کو ٹھنڈا اور پیروں کو گرم رکھو تو تمہیں کبھی ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی''۔

ریاض احمد ملک صاحب

## صدر جماعت احمدیہ اور جسٹس آف پیس ناٹنگھم سٹی انگلینڈ

# مکرم ملک مختار احمد صاحب آف دوالمیال کا ذکر خیر

مکرم ملک مختار احمد صاحب ولد صوبیدار ملک حبیب خان صاحب کا تعلق دوالمیال ضلع چکوال سے تھا۔ آپ کی پیدائش ستمبر 1931ء کو دوالمیال میں ہوئی۔ آپ نے پرائمری گورنمنٹ پرائمری سکول دوالمیال اور میٹرک مشن ہائی سکول ڈلوال (ضلع چکوال) سے کیا۔ اس کے بعد گارڈن کالج راولپنڈی سے گریجویشن، راولپنڈی میں جی۔ایچ۔کیو کی انجینئرنگ برانچ اور بعد میں واہ فیکٹری میں ملازمت اختیار کر لی۔ پھر وہ اس ملازمت کو خیر باد کہہ کر 1960ء میں انگلینڈ چلے گئے۔

دوالمیال میں بھی آپ کا جماعت کے ساتھ مضبوط تعلق تھا۔ آپ نے فعال خادم کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریوں کو احسن رنگ میں نبھایا۔ اس کے بعد راولپنڈی اور واہ کی جماعتوں سے بھی اپنا تعلق مضبوط رکھا اور جماعت کے اہم عہدوں پر فائز رہ کر حتی المقدور سلسلہ کی خدمت کی۔

انگلینڈ جانے کے بعد بھی آپ نے جماعت کے ساتھ مضبوط رابطے قائم رکھے۔ انگلینڈ کے سالانہ جلسوں میں ہمیشہ حاضری دی۔ انگلینڈ میں آپ نے ناٹنگھم سٹی میں ملازمت شروع کی اور جماعت احمدیہ ناٹنگھم کے صدر کی حیثیت سے تادمِ مرگ خدمات بجالاتے رہے۔

آپ کا سلسلہ کی کتب کا وسیع مطالعہ تھا۔ اور آپ ایک دلیر داعی الی اللہ تھے۔ حق بات کو سب کے سامنے کہہ دینے کا حوصلہ رکھتے تھے۔ اور ایک مثالی کردار کے مالک تھے۔

1960ء کے عشرہ میں جس وقت بہت کم پاکستانی ناٹنگھم میں تھے۔ اور اس وقت حلال اشیاء کی دستیابی بھی بہت مشکل ہوتی تھی۔ اس وقت بھی آپ نے اپنے کردار کو نمایاں رکھا اور تمام دوستوں کو برملا کہہ دیتے تھے کہ میں صرف اور صرف حلال چیزیں کھانے والا ہوں۔

اس زمانے میں بھی روزے کے اتنے پابند تھے کہ اپنی ڈیوٹی کے دوران کئی دفعہ سحری کے وقت جو میسر آتا اس سے سحری کر کے روزہ رکھ لیتے۔ فرمایا کرتے تھے کہ عیسائی دوست جو میرے ساتھ کام کرتے تھے۔ وہ حیران ہوتے تھے کہ اس ملک میں بھی تم اپنے مذہب کے ارکان کی پوری پابندی کرتے ہو اور کئی دفعہ اپنے پاکستانی غیر از جماعت بھائیوں سے ملاقات ہوتی اور جب ملک صاحب ان کو بتاتے کہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہے۔ تو وہ حیرانگی سے دیکھتے تھے۔ کہ کیا رمضان آگیا ہے۔ تو آپ فرماتے کہ رمضان صرف آیا نہیں بلکہ نصف تو گزر بھی گیا ہے۔ یہ آپ کا مثالی کردار تھا۔ جس کو اپنے اور پرائے سب سراہتے تھے اور آج بھی ناٹنگھم سٹی میں ملک صاحب کے بارے میں اگر بات ہو تو اپنے اور غیر دونوں آپ کے اُصولوں۔ کردار کی پختگی۔ دینی کردار اور احمدیت کے ساتھ والہانہ عشق کی تعریف کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ناٹنگھم میں ایک ملک صاحب کو ہم نے دیکھا ہے۔ جنہوں نے اپنے اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔ خدمتِ خلق میں آپ سب سے آگے تھے۔

آپ نے ناٹنگھم سٹی میں اپنے ہم وطنوں کو یہ سبق دیا کہ ہم مومن ہیں ہمیں اپنی اقدار کی پاسداری کرنی چاہیے۔ ہمیں یہاں دین حق کی روایات کو قائم رکھنا چاہیے تب جا کر ہم اِس معاشرہ میں اپنا مقام قائم رکھ سکیں گے اور اس معاشرے کو دین حق کی طرف راغب کر سکیں گے۔

آپ نے ناٹنگھم میں پاکستان فرینڈز لیگ کی بنیاد ڈالی اور عرصہ تک اس کے صدر کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیں۔ پاکستان ایسوسی ایشن کے سیکرٹری کی حیثیت سے بھی اور (-) سنٹر میں بھی بڑھ چڑھ کر کام کیا۔ اور سکولوں میں بچوں اور بچیوں کے حقوق کے لئے آپ کی کوششوں کو ناٹنگھم کے مومن نہیں بھول سکتے۔ اور اِس طرح آپ نے بچوں اور بچیوں کے تشخص کو قائم کرنے کے لئے قرآن مجید اور اردو پڑھنے کی کلاسوں کا اجراء کروایا تا کہ ہمارے بچے دینی تعلیم اور ساتھ اپنے کلچر اور روایات کی پاسداری کر سکیں۔

اِس بھرپور جدوجہد کو نہ صرف اپنوں بلکہ غیروں نے بھی سراہا اور آپ کا 1981ء میں جسٹس آف پیس (J.P) ناٹنگھم سٹی کی حیثیت سے تقرر ہوا اور تادم وفات آپ اِس عہدہ پر قائم تھے۔

آپ نے بحیثیت مجسٹریٹ اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کیا اور جسٹس آف پیس کے چینل میں اپنے آپ کو نمایاں بنایا آپ فرمایا کرتے تھے۔ یہ محض مجھ پر اللہ کا فضل، احمدیت کی بدولت ہے۔ جس نے بھی احمدیت کو مضبوطی سے پکڑے رکھا۔ وہ دنیا کے کسی میدان میں پیچھے نہیں رہ سکتا۔ کیونکہ احمدیت کا پودا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ کا لگایا ہوا ہے۔ جو اِس پودے کی آبیاری کرتا رہے گا جو حضرت مسیح موعود کی تعلیمات پر عمل پیرا رہے گا۔ وہ دین اور دنیا میں سرخرو رہے گا۔

آپ فرمایا کرتے تھے۔ میرا یہاں پر کوئی رشتہ دار نہیں نہ کوئی بڑی برادری ہے یہ مجھ پر جو فضل ہے یہ محض احمدیت اور اپنے بزرگوں کی بدولت ہے۔ جنہوں نے احمدیت کو قبول کیا اور راتوں کے پچھلے پہر اُٹھ کر ہمارے لئے دعائیں کرتے تھے۔

1976ء میں خاکسار کو بھی انگلینڈ جانے کا اتفاق ہوا اِس وقت خاکسار لیبیا میں ٹیچرز ٹریننگ کالج میں تعینات تھا اور گرمیوں کی چھٹیوں میں آپ کے سپانسر شپ پر انگلینڈ گیا وہاں ایک ماہ آپ کے ساتھ گزارنے کا اتفاق ہوا۔ اِس وقت آپ کے والدِ محترم صوبیدار ملک حبیب خان صاحب اور آپ کے چچا مکرم کرنل مبارک احمد ملک صاحب بھی وہاں آپ کے ہاں گئے ہوئے تھے۔ اس کے بعد آپ کے والدِ محترم اور چچا جان حج پر تشریف لے گئے تھے۔ آپ کو سیر و سیاحت کا بہت شوق تھا۔ آپ نے ہمیں خوب انگلینڈ کی سیر کروائی۔ اور قدرت کے حسین نظاروں کو دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ آپ کی اور خصوصیات کے علاوہ ایک اہم قابلِ قدر خصوصیت یہ تھی کہ آپ ایک بہت ہی اچھے گائیڈ بھی تھے۔ آپ نے تمام تاریخی مقامات کے بارے میں تفصیل کچھ اس طرح بتائی جیسے کہ ایک اچھا گائیڈ ہی بتا سکتا ہے۔

اِس وقت آپ ناٹنگھم سٹی ٹرانسپورٹ میں انسپکٹر کی حیثیت سے خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ ساتھ ہی سیکرٹری پاکستان ایسوسی ایشن، ممبر مجلس عاملہ، پاکستان ایسوسی ایشن، میڈور پرائمری سکول کے پیرنٹس باڈی کے ممبر، ایشین کیونٹی ایجوکیشن کنسلٹیو کمیٹی ڈسٹرکٹ کیونٹی ریلیشن کونسل، ٹرانسپورٹ اینڈ جنرل ورکر یونین، اور صدر جماعت احمدیہ ناٹنگھم کی حیثیت سے بھی اپنی خدمات سرانجام دے رہے تھے۔

آپ کی اپنی کیونٹی میں ساکھ کا یہ عالم تھا کہ آپ کے اصولوں کی پاسداری، روایات اور دینی کلچر کے ساتھ لگن کی بدولت ناٹنگھم سٹی کے میرپور کی برادریاں آپ کی دل سے عزت کرتی تھیں۔

1976ء میں بیت فضل لندن کے منعقدہ جلسہ سالانہ میں شرکت کی توفیق ملی۔ وہاں دوالمیال کے مکرم فضل الٰہی صاحب سے بھی ملاقات ہوئی جو برمنگھم سے آئے ہوئے تھے۔ 11 اکتوبر 1984ء کو اچانک دل کا دورہ پڑا اور آپ کو ہسپتال لے جایا گیا۔ لیکن وہ دورہ جان لیوا ثابت ہوا۔ اور مورخہ 11 اکتوبر 1984ء کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

آپ کی میت آپ کی اہلیہ محترمہ زینب صاحبہ اپنے ہمراہ پاکستان لائیں اور آپ کو اپنے آبائی قبرستان دوالمیال ضلع چکوال میں مورخہ 15 اکتوبر 1984ء کو دفن کر دیا۔

